کا مفہوم اس کا طریقہ، آلہ ذبح اور اھل کتاب کے ذبیحہ سے بحث کی گئی ہے۔

کتاب : مریض کی نماز اور طہارت کے احکام

مصنف : مفتی اقبال حسین صابری

ناشر : جامع مسجد نمرہ قادریہ کالونی پیرودھائی موڑ، راولپنڈی کینٹ،

صفحات : ۳۸صفحات

اس کتابچہ میں مریضوں اور معذوروں کے فقہی احکامات بیان کئے گئے ہیں۔ یہ مختصر کتابچہ ہے اس پر تفصیلی کام کی سخت ضرورت ہے۔

کتاب : ماہنامہ رشد لاہور قراءات نمبر جلد سوم

مصنف : چیف ایڈیٹر حافظ عبدالرحمٰن مدنی

ناشر : کلیۃ القرآن الکریم والعلوم الاسلامیہ

قیمت وصفحات : ۱۰۴۰صفحات، ۴۰۰ روپے

قارئین مجلہ نے پچھلے دوشماروں ش/۱۰ اور ش/۱۱ میں ماہنامہ رشد کی ج/۱ اور ج/۲ قراءات نمبر پر تبصرے ملاحظہ کئے تھے، یہاں جلسہ سوم کا تعارف کروایا جارہا ہے عالمی سطح پر اتنا ضخیم کام آج تک نہیں ہوا ہے، اس لئے اس کوشش وکاوش کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے۔ اس شمارہ میں بھی حجیت قرأت پر چھے مضامین قراءات کے حوالہ سے ہیں، علماء کے فتاویٰ، بریلوی مکتبہ فکر کے قراء کی خدمات، پانی پت کے قراء کی خدمات، حدیث سبعة أحرف کا مفہوم، اعجاز قرآنی کے متنوع پہلو، علم قرأت پر تحقیق وتنقید اور انکار قرأت، قراء کے حالات ودیگر متنوع مضامین شامل ہیں اس عظیم خدمت پر ڈاکٹر حمزہ مدنی اور جملہ احباب مبارک باد کے مستحق ہیں۔

کتاب : حب رسول اور صحابہ کرامؓ (مظاہر محبت)

مصنف : حافظ محمد سعد اللہ